## مولانا اسد دیوبندی کی زوجہ نیّر خاتون کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

## نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب، ایم پی اے ندیم مقبول احمد، علماء کمیٹی ارکان کی شرکت

لندن۔۔۔24 نومبر 2010

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف مذہبی اسکالر مولانا اسد دیوبندی کی زوجہ نیّر خاتون کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مولانا اسد دیوبندی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے حوصلہ دے۔ (آمین)

دریں اثناء مرحومہ کو آرمی قبرستان گلستان جوہر میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ بعد نماز مغرب نور مسجد گلستان جوہر بلاک 19 میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب، ایم پی اے ندیم مقبول احمد، علماء کمیٹی کے ارکان سمیت ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر ویونٹس کے ذمہ داران، کارکنان کے علاوہ مذہبی رہنماء اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

## خیرالعمل انچولی کے ٹرسٹ کے منیجنگ ٹرسٹی ابوتحسین کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔24 نومبر 2010ء

خیرالعمل انچولی ٹرسٹ کے منیجنگ ٹرسٹی ابوتحسین کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں وفد کے ارکان نے شہر میں امن وامان اور محرم الحرام کے علاوہ دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم شہر میں قیام امن کے فروغ کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کررہی ہے۔ اس دوران ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کی جانب سے درپیش مسائل ومشکلات کو بغور سنا اور ان کے حل کیلئے اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے عین مطابق اتحاد البین المسلمین اور بھائی چارگی کو فروغ دینے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے گی۔ علاوہ ازیں وفد کے ارکان نے ایم کیوایم کے کنویز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور شہید کے دیگر لواحقین واہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے ارکان کا نائن زیرو آمد پر انکا شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کی جانب سے امدادی سامان کے دوکنٹینرز کراچی پہنچ گئے

## امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس، پینے کا پانی، کمبل، خیمے اور سرجیکل آلات کے علاوہ طبی ادویات شامل ہیں

## امدادی سامان خدمت خلق فاؤنڈیشن صدر دفتر میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے وصول کیا

کراچی۔۔۔24 نومبر 2010ء

خیبر پختونخواہ، پنجاب، بلوچستان اور اندرون سندھ مختلف گاؤں دیہاتوں اور شہروں میں سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کی امداد وبحالی کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم آسٹریلیا یونٹ کی جانب سے دوکنٹینرز پر مشتمل لاکھوں روپے بھاری مالیت کا امدادی سامان منگل کو کراچی پہنچ گیا۔ آسٹریلیا سے آنے والے امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس چاول، دالیں، چینی، نیڈولز، پینے کے صاف پانی کی بوتلیں، کمبل، خیمے، سرجیکل آلات اور بھاری مقدار میں جان بچانے والی قیمتی طبی ادویات کے علاوہ دیگر امدادی اشیاء بھی شامل ہیں۔ امدادی سامان کے یہ کنٹینرز منگل کی شب خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا پہنچے جنہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ نے وصول کیا اور اپنی نگرانی میں سامان کنٹینروں سے اتارا، اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے علاوہ دیگر ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## سعودی عرب کے نوجوان طلباء وطالبات کے وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔24 نومبر 2010ء

سعودی عرب سے ان دنوں پاکستان کے دورے پر آئے ہوئے نوجوان طلباء وطالبات کے 13 رکنی وفد نے محبان پاکستان اوورسیز سعودی عربیہ کے آرگنائزر کفیل صدیقی کی سربراہی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاکر علی ،سیف یار خان اور آنسہ ممتاز انوار سے ملاقات کی اور متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت، درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ وفد میں شامل طلباء وطالبات نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد سے متصل یادگار شہداء حق اور یٰسین آباد کے شہداء قبرستان میں بھی حاضری دی اور ڈاکٹر عمران فاروق شہید، قائد تحریک الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام شہداء کی قبروں پر حاضری دی فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں سعودی وفد کے ارکان نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کا بھی دورہ کیا اور تنظیمی کاموں کا بغور جائزہ لیا اس موقع پر محبان پاکستان کے امتیاز طاہر اور اطہر قاسم بھی موجود تھے۔

## کارڈیالوجی سنٹر کے تمام ڈیلی ویجز ملازمین کو فوری طور پر تنخوائیں ادا کی جائیں، ادریس جامی

## غریب ملازمین سے کسی بھی قسم کی زیادتی کو برداشت نہیں کیا جائے گا،

## ملازمین تین ماہ سے تنخواہ نہ ملنے کے باعث فاقہ کشی پر مجبور ہیں، راؤ محمد خالد، جاوید اقبال چیمہ

## متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون ذمہ داران کی کارڈیالوجی سنٹر کے متاثرین سے اظہار یکجہتی

ملتان۔۔۔24 نومبر 2010

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے انچارج ادریس جامی، جوائنٹ انچارج راؤ محمد خالد، جاوید اقبال چیمہ، سیکرٹری نشر واشاعت شمشیر جمال ہاشمی، متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارج ملتان زون کلیم زبیر، متحدہ قومی موومنٹ ملتان یونٹ چوڑی بازار کے انچارج وجنوبی پنجاب انجمن تاجران کے نائب صدر مرتضیٰ قادری و دیگر نے ایک وفد کی صورت میں ملتان کارڈیالوجی سنٹر کے تین ماہ تنخواہ سے محروم ملازمین کے احتجاجی کیمپ میں جو کہ پریس کلب ملتان کے سامنے لگایا گیا تھا جا کر ملاقات کی اور متاثرین سے مکمل اظہار یکجہتی کیلئے احتجاج میں حصہ لیا۔ اس موقع متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے انچارج ملتان زون ادریس جامی نے کہا کہ غریب ملازمین سے کسی بھی قسم کی زیادتی کو برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ افسران اگر انسان دوست رویہ اختیار کریں اور غریب ملازمین کا احساس کریں تو مسائل پر بھرپور طریقے سے قابو پایا جاسکتا، زونل جوائنٹ انچارج راؤ محمد خالد نے کہا کہ کارڈیالوجی سنٹر کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی تک خاموش نہیں بیٹھیں گے جبکہ زونل جوائنٹ جاوید اقبال چیمہ نے کہا کہ غریب ملازمین فاقوں پر مجبور ہیں مگر افسوس کے افسران کو ذرا بھی احساس نہیں، ملازمین سے ایسا رویہ افسوسناک ہے، زونل کمیٹی کے اراکین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ غریب ملازمین کو فوری طور پر تنخوائیں ادا کی جائیں، ملازمین کو مستقل کیا جائے اور ان کو گورنمنٹ کے طے شدہ شیدول کے مطابق تنخوائیں دی جائیں، بعدازاں ملتان زون کے وفد نے زونل انچارج کی سربراہی میں کارڈیالوجی سنٹر کے میڈیکل آفیسر، اور ایگزیکٹو فنانس سے بھی تفصیلی ملاقات کی اور انہیں ملازمین کی فلاح و بہبود، انہیں مستقل کرانے اور ان کو تنخواہوں کی فوری ادائیگی کی ہدایت کی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 190 کے کارکنان شکیل اور جمیل کے والد عبدالحکیم، کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن رشید احمد کی والدہ محترمہ برکت بی بی، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ B-133، 136 کے کارکنان راحت حسین صدیقی اور مجاہد حسین صدیقی کے والد عشرت حسین صدیقی، لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے یونٹ انچارج محمد عرفان خان کے والد سلطان خان، پی آئی بی سیکٹر کے سیکٹر ممبر حیدر علی کے صاحبزادے علی حیدر، کراچی مضافاتی کمیٹی جہانگیر روڈ سیکٹر کے رابطہ انچارج محمد نعیم علی بلوچ کی والدہ محترمہ خیر بی بی اور ایم کیوایم ٹھٹہ زون کے زونل ممبر سیّد ظفر شاہ کے بڑے بھائی سیّد انصار شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆